# دعائے عہد حضرت امام عصرؑ

دعائے عہد، جو امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص اس عہد کو چالیس صبح پڑھے گا وہ ہمارے قائمؑ کے انصار میں ہوگا اور اگر ظہور سے پہلے مرجائے گا تو خدا اس کو قبر سے نکالے گا تاکہ حضرت کی خدمت میں رہے اور پروردگار ہر کلمہ کے مقابلہ میں ہزار حسنات عطا فرمائے گا اور گناہوں کو معاف کرے گا۔

وہ عہد یہ ہے

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النُّوْرِ الْعَظِيْمِ وَ رَبَّ الْكُرْسِيِّ الرَّفِيْعِ وَ رَبَّ الْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ
وَ مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَ الْاِنْجِيْلِ وَ الزَّبُوْرِ وَ رَبَّ الظِّلِّ وَ الْحَرُوْرِ وَ مُنْزِلَ
الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَ رَبَّ الْمَلَآئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ الْاَنْبِيَآءِ وَ الْمُرْسَلِيْنَ اَللّٰهُمَّ
اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْمُنِيْرِ وَ مُلْكِكَ الْقَدِيْمِ يَا
حَيُّ يَا قَيُّوْمُ اَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ اَشْرَقَتْ بِهِ السَّمٰوَاتُ وَ الْاَرَضُوْنَ
وَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ يَصْلَحُ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَ الْاٰخِرُوْنَ يَا حَيًّا قَبْلَ كُلِّ حَيٍّ وَ يَا
حَيًّا بَعْدَ كُلِّ حَيٍّ

QuranoitratAcademy 0308-2499033

# دعائے عہد حضرت امام عصرؑ

وَيَا حَيًّا حِينَ لَا حَيَّ يَا مُحْيِيَ الْمَوْتَى وَ مُمِيتَ الْأَحْيَاءِ يَا حَيُّ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ۔

اَللّٰهُمَّ بَلِّغْ مَوْلَانَا الْإِمَامَ الْهَادِيَ الْمَهْدِيَّ الْقَائِمَ بِأَمْرِكَ صَلَوَاتُ

اللّٰهِ عَلَيْهِ وَعَلَى آبَائِهِ الطَّاهِرِينَ عَنْ جَمِيعِ الْمُؤْمِنِينَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ فِي

مَشَارِقِ الْأَرْضِ وَ مَغَارِبِهَا سَهْلِهَا وَ جَبَلِهَا وَ بَرِّهَا وَ بَحْرِهَا وَ عَنِّي وَ عَنْ

وَالِدَيَّ مِنَ الصَّلَوَاتِ زِنَةَ عَرْشِ اللّٰهِ وَ مِدَادَ كَلِمَاتِهِ وَ مَا أَحْصَاهُ عِلْمُهُ

وَ أَحَاطَ بِهِ كِتَابُهُ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أُجَدِّدُ لَهُ فِي صَبِيحَةِ يَوْمِي هٰذَا وَ مَا عِشْتُ مِنْ

أَيَّامِي عَهْدًا وَ عَقْدًا وَ بَيْعَةً لَهُ فِي عُنُقِي لَا أَحُولُ عَنْهَا وَ لَا أَزُولُ أَبَدًا اَللّٰهُمَّ

اجْعَلْنِي مِنْ أَنْصَارِهِ وَ أَعْوَانِهِ وَ الذَّابِّينَ عَنْهُ وَ الْمُسَارِعِينَ إِلَيْهِ فِي

قَضَاءِ حَوَائِجِهِ وَ الْمُمْتَثِلِينَ لِأَوَامِرِهِ وَ الْمُحَامِينَ عَنْهُ وَ السَّابِقِينَ إِلَى

إِرَادَتِهِ وَ الْمُسْتَشْهَدِينَ بَيْنَ يَدَيْهِ اَللّٰهُمَّ إِنْ حَالَ بَيْنِي وَ بَيْنَهُ الْمَوْتُ

الَّذِي جَعَلْتَهُ عَلَى عِبَادِكَ حَتْمًا مَقْضِيًّا،

f QuranoitratAcademy 0308-2499033

# دعائے عہد حضرت امام عصرؑ

فَاَخْرِجْنِیْ مِنْ قَبْرِیْ مُؤْتَزِرًا کَفَنِیْ شَاهِرًا سَیْفِیْ مُجَرِّدًا قَنَاتِیْ مُلَبِّیًا
دَعْوَةَ الدَّاعِیْ فِی الْحَاضِرِ وَ الْبَادِیْ اَللّٰهُمَّ اَرِنِی الطَّلْعَةَ الرَّشِیْدَةَ وَ الْغُرَّةَ
الْحَمِیْدَةَ وَ اکْحُلْ نَاظِرِیْ بِنَظْرَةٍ مِنِّیْ اِلَیْهِ وَ عَجِّلْ فَرَجَهٗ وَ سَهِّلْ مَخْرَجَهٗ
وَ اَوْسِعْ مَنْهَجَهٗ وَ اسْلُکْ بِیْ مَحَجَّتَهٗ وَ اَنْفِذْ اَمْرَهٗ وَ اشْدُدْ اَزْرَهٗ وَ اعْمُرِ
اللّٰهُمَّ بِهٖ بِلَادَکَ وَ اَحْیِ بِهٖ عِبَادَکَ فَاِنَّکَ قُلْتَ وَ قَوْلُکَ الْحَقُّ ظَهَرَ الْفَسَادُ
فِی الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ بِمَا کَسَبَتْ اَیْدِی النَّاسِ فَاَظْهِرِ اللّٰهُمَّ لَنَا وَلِیَّکَ وَ ابْنَ
بِنْتِ نَبِیِّکَ الْمُسَمّٰی بِاسْمِ رَسُوْلِکَ، حَتّٰی لَا یَظْفَرَ بِشَیْءٍ مِنَ الْبَاطِلِ
اِلَّا مَزَّقَهٗ وَ یُحِقَّ الْحَقَّ وَ یُحَقِّقَهٗ وَ اجْعَلْهُ اللّٰهُمَّ مَفْزَعًا لِمَظْلُوْمِ عِبَادِکَ وَ
نَاصِرًا لِمَنْ لَا یَجِدُ لَهٗ نَاصِرًا غَیْرَکَ وَ مُجَدِّدًا لِمَا عُطِّلَ مِنْ اَحْکَامِ کِتَابِکَ
وَ مُشَیِّدًا لِمَا وَرَدَ مِنْ اَعْلَامِ دِیْنِکَ وَ سُنَنِ نَبِیِّکَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ

QuranoitratAcademy 0308-2499033

# دعائے عہد حضرت امام عصرؑ

وَاجْعَلْهُ اَللّٰهُمَّ مِمَّنْ حَصَّنْتَهُ مِنْ بَأْسِ الْمُعْتَدِيْنَ اَللّٰهُمَّ وَسُرَّ
نَبِيَّكَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ بِرُؤْيَتِهِ وَمَنْ تَبِعَهُ عَلٰى دَعْوَتِهِ
وَارْحَمِ اسْتِكَانَتَنَا بَعْدَهُ اَللّٰهُمَّ اكْشِفْ هٰذِهِ الْغُمَّةَ عَنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ
بِحُضُوْرِهِ وَعَجِّلْ لَنَا ظُهُوْرَهُ اِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ بَعِيْدًا وَنَرَاهُ قَرِيْبًا بِرَحْمَتِكَ يَا
اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

اس کے بعد تین مرتبہ داہنی ران پر ہاتھ مارے اور ہر مرتبہ کہے

**اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ يَا مَوْلَايَ يَا صَاحِبَ الزَّمَانِ**

قرآن و عترت اکیڈمی

QuranoitratAcademy 0308-2499033

# دعائے عہد حضرت امام عصرؑ

پروردگار اے عظیم نور کے مالک۔ اے کرسی رفیع کے مالک۔ اے بھڑکتے سمندروں کے رب اور انجیل و زبور کے نازل کرنے والے اے سایۂ آفتاب کے پروردگار اے قرآن عظیم کے نازل کرنے والے اور ملائکہ مقربین و انبیاء و مرسلین کے پروردگار۔ خدایا میرا سوال تری کریم ذات اور تیرے روشن چہرہ کے نور کے واسطہ سے ہے اور تیرے ملک قدیم کے وسیلہ سے ہے اے خدائے حی و قیوم اور میرا سوال تیرے اس نام کے وسیلہ سے ہے جس سے آسمان و زمین روشن ہیں اور اس کے ذریعہ اولین و آخرین کے امور کی اصلاح ہوتی ہے اور ہر زندہ سے پہلے زندہ اور ہر زندہ کے بعد زندہ رہنے والے۔ اے اس وقت کے صاحب حیات جب کوئی زندہ نہ تھا اور اے مردوں کو حیات اور زندوں کو موت دینے والے۔ اے خدائے حیّ جس کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے ہمارے مولا امام ہادی مہدی جو تیرے امر کے ساتھ قیام کرنے والے ہیں ان تک مشرق و مغرب کے تمام مومنین و مومنات اور صحرا و کوہستان اور خشک وتر کے تمام رہنے والے افراد اور میرے اور میرے والدین کی طرف سے ایسی صلوات پہونچا دے

# دعائے عہد حضرت امام عصرؑ

جو عرش الٰہی کے وزن اور کلمات الٰہی کی وسعت کے برابر ہو اور جس کا احصاء علم الٰہی اور کتاب پروردگار کے علاوہ کوئی نہ کر سکے۔ خدایا میں آج کی صبح اور جب تک زندہ رہوں ہر صبح ان کی بیعت کا عہد کرتا ہوں اور ان کی یہ بیعت میری گردن پر رہے گی جس سے نہ ہٹ سکتا ہوں اور نہ الگ ہو سکتا ہوں۔ خدایا مجھے ان کے انصار و اعوان ان سے دفاع کرنے والوں، ان کی حاجتوں کو پورا کرنے میں تیزی سے کام کرنے والوں، ان کے امرکی اطاعت کرنے والوں، ان کی طرف سے دفاع کرنے والوں، ان کے مقاصد کی طرف سبقت کرنے والوں اور ان کے سامنے شہید ہونے والوں میں قرار دے دے۔ خدایا اگر ان کے اور میرے درمیان وہ موت حائل ہو جائے جس کو تو نے اپنے بندوں کے لئے حتمی قرار دیا ہے تو مجھے قبر سے اس طرح نکالنا کہ کفن پہنے ہوئے ہوں، تلوار کھینچے ہوئے ہوں، نیزہ اٹھائے ہوئے ہوناور ہر منزل پر داعی الٰہی کو لبیک کہتے ہوئے آگے بڑھوں۔ خدایا ہمیں وہ طلعت زیبا اور وہ روئے روشن دکھلا دے اورہماری آنکھوں میں ان پر نگاہ کرنے کا سرمہ لگا دے۔

QuranoitratAcademy 0308-2499033

# دعائے عہد حضرت امام عصرؑ

ان کے ظہور میں تعجیل فرما۔ ان کے خروج کو آسان فرما دے۔ ان کے راستوں کو وسیع بنا دے اور ہمیں ان کے راستہ پر چلا دے۔ ان کے امر کو نافذ کر دے۔ ان کی پشت کو قوی بنا دے۔ ان کے ذریعہ شہروں کو آباد کر دے اور مُردوں کو زندگی دے دے کہ تو نے خود فرمایا ہے کہ فساد بروبحر میں ظاہر ہو گیا ہے لوگوں کے اعمال کی بنا پر لہذا خدایا اب تو ہمارے لئے اپنے ولی، اپنے نبیؐ کی دختر کے لال اپنے رسول کے ہم نام کو منظر عام پر لے آتا کہ ان کے سامنے کوئی باطل نہ آئے جس کو مٹا نہ دیں اور کوئی حق نہ آئے جس کو ثابت نہ کردیں اور خدایا انھیں بندگان مظلومین کے لئے پناہ گاہ اور بے سہارا لوگوں کے لئے مددگار بنا دے۔ انھیں اپنی کتاب کے معطل احکام کا زندہ کرنے والا اور دین کے گرے ہوئے پرچموں کو سنبھالنے والا اور سنتِ نبیؐ کا احیاء کرنے والا قرار دے دے۔ خدایا انھیں ان لوگوں میں قرار دے دے جن کو تو نے ظالموں کے شر سے بچایا ہے۔ خدایا اپنے رسول حضرت محمدؐ کو ان کی رویت سے مسرور کر دے اور ان لوگوں کو بھی خوش کر دے کہ جو ان کی دعوت پر ان کی پیروی کریں۔

QuranoitratAcademy 0308-2499033

# دعائے عہد حضرت امام عصرؑ

خدایا ان کی غیبت میں ہماری ذلت و پریشانی پر رحم فرما۔ خدایا اس امت کے غم و اندوہ کو ان کی حاضری سے دور فرما دے اور ان کے ظہور میں تعجیل فرما جسے لوگ بہت دور سمجھتے ہیں مگر ہم بہت قریب سمجھتے ہیں۔

اپنی رحمت کے سہارے اے بہترین رحم کرنے والے۔

(اس کے بعد تین مرتبہ داہنی ران پر ہاتھ مارے اور ہر مرتبہ کہے)

اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ یَا مَوْلَایَ یَا صَاحِبَ الزَّمَانِ

اے میرے مولا اے صاحب الزمان جلدی آیئے جلدی آیئے۔

f QuranoitratAcademy 0308-2499033